محکمہ معدنی وسائل آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد

ٹینڈر نوٹس

محکمہ معدنی وسائل (EPD) حکومت آزاد کشمیر ترقیاتی سکیم "Exploration & Evaluation of Ruby Panj Katha,Usman Bahaik area District Neelum" کے تحت ماربل کی زیر زمین مقدار ونوعیت ماپنے اور کیمیکل و پیٹروگرافک ٹیسٹ کیلئے چٹہ کٹھہ ، پنج کٹھہ وعثمان بہک ایریا میں ماربل بیڈ کے Core سمپل درکار ہیں ۔کور سمپل حاصل کرنے کیلئے کور ڈرلنگ (Core Drilling) ہول سائز 76mm Dia کے 3 عدد بور ہول کا کام کرانے کیلئے بذیل شرائط کے مطابق سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔

شرائط:-

۱۔ ٹینڈر AJKPPRA رولز 2017 کی شق نمبر 36 (B) کے تحت Single Stage two envelop procedure (Technical & Financial Proposal) الگ الگ مرتب/لفافے میں بند کرتے ہوئے ایک بڑے لفافے میں بند کیے جا کر جمع کروانا ہونگے۔

۲۔ مجوزہ Drilling سرگن گروپ یونٹ-بی (Surgan Group Unit-B) چٹہ کٹھہ ضلع نیلم آزاد کشمیر میں کی جانا ہوگی۔

۳۔ مجوزہ Core Drilling 60 میٹر ہے جس کے تحت 3 پوائنٹس پر گہرائی 20 میٹر تک کرانا مقصود ہے۔ لیولز کی گہرائی اور کل گہرائی میں کمی بیشی ہوسکتی ہے جس کی نشاندہی موقع پر Project Incharge کریں گے۔

۴۔ ٹینڈر دہندہ پارٹی پر ڈرلنگ کے سلسلہ میں استعمال ہونے والی ہر قسم کی مشینری کے اخراجات، مرمتی وسپیر پارٹس بشمول مشینری سائیٹ پر پہنچانے / واپسی، کور بکس اور پانی وغیرہ کی ذمہ دار ہوگی۔

۵۔ کور ڈرلنگ Bidding Document جس میں تمام شرائط وضوابط درج ہیں اشتہار کی اجرائیگی کے پندرہ دن تک ڈائریکٹر جنرل منرل ریسورس آفس (EPD) نزد امبور ہسپتال مظفر آباد سے بذریعہ درخواست حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ٹینڈر دھندگان مورخہ 27-06-2024 دن 11:30 بجے تک اپنی تکنیکی ، مالیاتی پیشکش بڈ ایوالویشن کمیٹی کو جمع کروانے کے پابند ہونگے۔ ٹینڈر اسی دن 12:00 بجے ٹینڈر دھندگان یا ان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

۶۔ دلچسپی رکھنے والی پارٹیاں ڈرلنگ سائیٹ کا جائزہ لینے کے بعد اپنے نرخ دیں۔

۷۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ معاہدہ نامہ پر دستخط اور ورک آرڈر جاری ہونے کے اندر 7 یوم کام شروع کرنے کا پابند ہوگا اور بغیر وقفہ کے کام مکمل کرنا ہوگا۔

۸۔ ٹینڈر دہندہ پارٹی کا انجینئرنگ کونسل سے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے جسکے لئے انجینئرنگ کونسل کی رجسٹریشن بھی فراہم کرنا ہوگی۔ کور ڈرلنگ کا تجربہ رکھنے والی کمپنی ہی Bid میں حصہ لے سکے گی جس کیلئے قبل ازیں کور ڈرلنگ کا ورک آرڈر کرنا ضروری ہوگا۔

۹۔ -/21,000 روپے بطور کال ڈیپازٹ بنام جناب ڈائریکٹر جنرل معدنی سائل شامل کرنا لازمی ہے۔

۱۰۔ ٹینڈر میں حصہ لینے والی فرم کو 100 روپے کے اسٹامپ پیپر پر بیان حلفی مصدقہ شامل کرنا ضروری ہوگا کہ وہ گورنمنٹ پاکستان وآزاد کشمیر کے کسی بھی سرکاری و نیم سرکاری ادارہ سے Black List نہ ہے۔

۱۱۔ بلات سے تحت ضابطہ جملہ نافذ العمل ٹیکسز / سیلز ٹیکس / انکم ٹیکس / تجوید القرآن ٹرسٹ / سٹمپ ڈیوٹی وغیرہ کی کٹوتی عمل میں لائی جائے گی، نیز مجاز اتھارٹی AJKPPRA رولز 2017 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی معقول وجہ سے کوئی ایک یا جملہ تمام ٹینڈر مسترد کرسکتی ہے۔

۱۲۔ بڈنگ ڈاکومنٹ واشتہار AJKPPRA کی ویب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk پر دستیاب ہے اور بعد از منظوری مجاز اتھارٹی Evaluation رپورٹ اور ایوارڈ آف کنٹریکٹ بھی اپ لوڈ کیا جائے گا۔

(امجد حسین شیخ)
اسسٹنٹ ڈائریکٹر / پراجیکٹ انچارج
چٹہ کٹھہ روبی سکیم ضلع نیلم
محکمہ معدنی وسائل (EPD)
Ph #: 05822-921113
05822-921167
05822-921580